# NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

## چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

**اسکول سے سودمند طرزمعاش تک راہیں تخلیق کرنا**

عزیزی نیویارک کے مکین،

ہم چاہتے ہیں کہ نیویارک شہر پبلک اسکولوں کا ہر بچہ سندیافتگی کے اسٹیج سے اترے اور اس تابناک مستقبل کی جانب جانے کے لیے مستعد محسوس کرے جو انہیں سامنے نظر آرہا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ ایسا صرف تب ہی ہوسکتا ہے جب ہم جو اسکول میں ہوتا ہے اور اکیسویں (21st) صدی کے کاردستہ کے مابین تعلق کو دیکھنے میں طلبا کی مدد کریں جس میں وہ شامل ہونے کی توقع کرتے ہیں۔ اس ہفتے، میں ایک آغازکار کا بخوشی اشتراک کررہا ہوں جو یہی کرے گا۔

6 مارچ کو شہر کا دوسرا طرز معاش کی دریافت کا ہفتہ شروع ہوگا، ایک آغازکار جو پبلک ہائی اسکول طلبا کو تمام شہر میں طرز معاش تحقیق کے ایک دن کے لیے ملازمت کی جگہ کی ترتیبوں میں لائے گا۔ تقریباً 70 پبلک اسکولوں سے 2,400 دسویں گریڈ کے طلبا شہر کے ممتاز آجروں کے ساتھ ایک متعامل پورے دن کے دوروں کے ذریعے ممکنہ پیشوں کا عمیق، قریبی مطالعہ کریں گے۔

تمام ہفتے کے دوران، 85 سے زائد تجارتی انجمنیں اور دیگر ادارے طلبا کی ایک مکمل دن کی پروگرامنگ کے لیے میزبانی کریں گے جس میں ایکزیکٹیو کے زیرِ قیادت پینلز، ملازمت کی جگہ کے دورے، متعامل ٹیکنالوجی مظاہرے، کام پر مبنی گروپ چیلنجز اور بھی بہت کچھ شامل ہوگا۔ مثلاً، طلبا گوگل میں ایک کوڈنگ سیشن میں، ورائزن میں ایک ریزیومے لکھنے کی

ورک شاپ میں حصہ لے سکتے ہیں، NBA/WNBA کے ہیڈکوارٹرز میں ذاتی برانڈنگ اور باسکٹ بال کے کاوربار کے بارے میں جان سکتے ہیں، اور نیشنل گرڈ میں ایک ملازمت کی درخواست کی ورکشاپ میں شرکت کرسکتے ہیں۔

طرزمعاش کی دریافت کا ہفتہ اس کی ایک مثال ہے کہ جب ہم ملکر کام کرتے ہیں تو کیا کچھ حاصل کرسکتے ہیں۔ ہمارے طلبا کے لیے یہ زندگی تبدیل کرنے والے مواقع فراہم کرنے پر میں Partnership for New York City اور شہر کے ممتاز آجروں کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ اس ہفتے کی سرگرمیاں نیویارک شہر پبلک اسکولز اسٹوڈنٹ پاتھ ویز انشیئٹو کا بھی حصہ ہیں، جو طلبا کو صحتیاتی نگہداشت، ٹیکنالوجی، اور کاروبار جیسے اعلی افزائش، اعلی تنخواہ والے شعبوں میں کام کرنے کے لیے تیار کرتے ہیں۔

ان شراکت داریوں کے ذریعے، ہمارے طلبا پیشہ وران کے ساتھ روابط بنا رہے ہیں جو بطور صلاح کاران مدد کرسکتے ہیں، جب وہ مستقبل میں ملازمتوں کے لیے درخواست دیں تو تجاویز فراہم کرسکتے ہیں، اور اسکول کے باہر روابط کا ایک وسیع تر نیٹ ورک تیار کررہے ہیں۔ جب ہم اپنے طلبا میں ایسی سرمایہ کاریاں کرتے ہیں، ہم نہ صرف انکے مستقبل میں سرمایہ کاری کرتے ہیں، ہم اپنے شہر اور قوم کے مستقبل میں سرمایہ کاری کررہے ہیں۔

ہم اپنے طلبا کے لیے ہائی اسکول کو بامقصد اور بامعنی بنانے کے لیے پُرعزم ہیں— تاکہ وہ اسے واقعی بطور ایک سود مند طرزمعاش اور طویل مدتی معاشی تحفظ کے دیکھ سکیں۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks
چانسلر

### ہماری ہفتہ وار وڈیو برائے خلاصہ




اور یہاں ہیں میئر Eric Adams کا ہفتہ وار وڈیو اگر آپ براہِ راست میئر کے دفتر سے جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں

اگر آپ مزید PS+You ای میل پیغامات موصول نہیں کرنا چاہتے، براہِ مہربانی ن سبسکرائب کریں۔

**ترجمہ شدہ عنوانات کے لیے: "CC" آئی کان پر کلک کریں۔ "Setting" ئ کان پر کلک کریں اور "Subtitles/CC"منتخب کریں۔ -Auto" translate" منتخب کریں اور اپنی زبان کا انتخاب کریں۔**